# 26-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ کارگل وجئے دیوس کے موقع پر آج ملک ان بہادر سپاہیوں کو خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے جنہوں نے 1999ء کی ہند۔ پاک جنگ میں مادرِ وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

۲۔ تلنگانہ حکومت نے مانسون کے دوران ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ریاست کے تمام اضلاع کو ایک ایک کروڑ روپے کی پیشگی امداد جاری کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

۳۔ قومی انسانی حقوق کمیشن تلنگانہ میں انسانی حقوق کی 109 مبینہ خلاف ورزیوں کی سماعت کے لئے حیدرآباد میں دوروزہ 'اوپن ہیرنگ اور کیمپ سٹنگ' کا انعقاد کر رہا ہے تاکہ متاثرین کو جلد انصاف فراہم کیا جاسکے۔

اور

۴۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے 25 اضلاع میں کل گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

KARGIL DIWAS

کارگل وجئے دیوس کے موقع پر آج ملک ان بہادر سپاہیوں کو خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے جنہوں نے 1999ء کی ہند۔ پاک جنگ میں مادرِ وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ دن 'آپریشن وجئے' کی کامیابی کی علامت ہے جس کے تحت ہندوستانی مسلح افواج نے کارگل جنگ میں پاکستان کے خلاف فتح حاصل کی اور جموں وکشمیر کے ان علاقوں پر دوبارہ کنٹرول حاصل کیا جہاں پاکستانی فوجی اور دہشت گرد دراندازی کر چکے تھے۔ یہ جنگ تقریباً 60 دنوں تک جاری رہی اور اسی دن اپنے اختتام کو پہنچی۔ حیدرآباد میں تلنگانہ اینڈ آندھرا سب ایریا کی جانب سے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے تقریب میں شرکت کی اور تینوں مسلح افواج کے نمائندوں کی موجودگی میں یادگارِ شہداء پر پھول چڑھائے۔ گورنر نے کہا کہ ہمارے سپاہیوں کی بہادری اور قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کا احترام کیا جائے گا۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر برائے آئی ٹی وصنعت سری دھر بابو نے کہا ہے کہ وکلا محض عدالت کے عہدیدار نہیں بلکہ مساوات کے معمار اور آئین کی ضمانت کردہ حقوق کے محافظ ہیں۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد تیزی سے قانونی ٹکنالوجی کا عالمی مرکز بنتا جارہا ہے، جس سے تلنگانہ کی عالمی شناخت میں اضافہ ہورہا ہے۔وہ آج حیدرآباد کے نوو ٹل اچ آئی سی سی میں 'دی گرینڈ ماسٹرز 2025 حیدرآباد ایڈیشن' کی اختتامی تقریب کے مہمانِ خصوصی کے طور پر خطاب کررہے تھے، جس کا انعقاد لیکس وٹنس (Lex Witness) کی جانب سے کیا گیا۔وزیر موصوف نے کہا کہ وقت کے ساتھ عدالتی نظام میں نمایاں تبدیلی آئی ہے، خصوصاً جدید ٹکنالوجی جیسے کہ مصنوعی ذہانت پر مبنی قانونی تحقیق، ورچوئل عدالتیں، رئیل ٹائم مقدمہ جات کی نگرانی اور ای فائلنگ جیسے اقدامات عدالتی عمل کا لازمی جزو بن چکے ہیں۔

WEATHER:

ہندوستانی محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے 25 اضلاع میں کل گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔تازہ ترین بلیٹن کے مطابق، گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کے امکانات ریاست کے مختلف علاقوں میں ہیں، خاص طور پر کچھ مقامات پر شدید بارش متوقع ہے۔حیدرآباد اور نواحی علاقوں میں ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ طوفانی ہوائیں چلنے کی توقع ہے جو دن بھر وقفہ وقفہ سے جاری رہ سکتی ہیں جبکہ شام یا رات کے وقت کچھ مقامات پر بارش کی شدت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

ACCIDENT

آندھراپردیش پولیس کے انٹلیجنس شعبہ سے وابستہ دوڈپٹی سپرنٹنڈنٹس آف پولیس آج صبح کی اولین ساعتوں میں یادادری بھونگیر ضلع کے چوٹ اپل علاقہ میں ایک سڑک حادثہ میں ہلاک ہوگئے۔ہلاک ہونے والے عہدیدار وں کی شناخت چکر دھر راؤ اور شانتا راؤ کے طور پر ہوئی ہے۔ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس درگا پرساد اور ڈرائیور نرسمہا راؤ شدید زخمی ہوگئے، جنہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کردیا گیا۔یہ حادثہ کوتہ گوڑم گاؤں کے راستہ پر اس وقت پیش آیا جب تیز رفتاری سے آنے والا ایک ٹرک مخالف سمت سے اچانک بے قابو ہوکر پولیس عہدیداروں کی گاڑی سے ٹکرا گیا۔چوٹ اپل انسپکٹر منمدھ کمار کے مطابق، عہدیدار ایک مقدمہ کے سلسلے میں حیدرآباد جارہے تھے۔آندھراپردیش کی وزیر داخلہ وی انیتا نے ان دوڈی ایس پیز کی سڑک حادثہ میں ہلاکت پر صدمہ کا اظہار کیا ہے۔اس واقعہ کے سلسلہ میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔

RAIN:

حیدرآباد شہر میں آج صبح سے مسلسل بارش ہو رہی ہے۔شہر کے مختلف علاقوں میں بارش کا پانی سڑکوں پر جمع ہو گیا ہے جبکہ مین ہولس اُبل رہے ہیں۔ مسلسل بارش کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں شدید دشواریوں کا سامنا ہے، خاص طور پر دفتری ملازمین اور اسکول جانے والے بچوں کو منزل تک پہنچنے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔شہر کے کئی مقامات پر ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو گیا ہے۔

NHRC

قومی انسانی حقوق کمیشن تلنگانہ میں انسانی حقوق کی 109 مبینہ خلاف ورزیوں کی سماعت کے لئے حیدرآباد میں دو روزہ 'اوپن ہیرنگ اور کیمپ سٹنگ' کا انعقاد کر رہا ہے تاکہ متاثرین کو جلد انصاف فراہم کیا جا سکے۔این ایچ آر سی کے چیرمین جسٹس وی راما سبرامنیم، ارکان جسٹس ڈاکٹر بی رنجن سارنگی اور وجیا بھارتی ان مقدمات کی سماعت کریں گے۔ یہ سماعت ایم سی آر ایچ آر ڈی انسٹیٹیوٹ، جوبلی ہلز، حیدرآباد میں پیر اور منگل کو متاثرین اور ریاستی عہدیداروں کی موجودگی میں ہوں گی۔سکریٹری جنرل بھارت لال، ڈائرکٹر جنرل (تحقیقات) آر پی مینا رجسٹرار (قانون) جوگیندر سنگھ اور دیگر سینئر عہدیدار بھی اس موقع پر موجود ہوں گے۔سماعت کے لئے پیش کئے جانے والے مقدمات میں پولیس ملازمین کے اختیارات کے ناجائز استعمال، سرکاری فلاحی اسکیموں کے فوائد سے محرومی، جیلوں میں بے ضابطگیاں، درج فہرست ذاتوں اور قبائل کے حقوق کی خلاف ورزیاں اور اسکولوں میں طلبا کے حقوق کی پامالی شامل ہیں۔

ACCIDENT-2

رنگاریڈی ضلع میں آج صبح ایک دلخراش حادثہ میں ایک تیز رفتار واٹر ٹینکر نے باپ بیٹی کو روند ڈالا جس کے نتیجہ میں دونوں ہلاک ہو گئے۔ یہ حادثہ شادنگر روڈس پر اس وقت پیش آیا جب یہ دونوں حیدرآباد۔محبوب نگر روڈ پر ایک ٹو ویلر پر کالج جا رہے تھے۔لڑکی بی ٹیک کی طالبہ تھی۔شادنگر کے انسپکٹر وجئے کمار کے مطابق، واٹر ٹینکر نے پیچھے سے ان کی گاڑی کو ٹکر ماری۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

FUNDS RELEASE

تلنگانہ حکومت نے مانسون کے دوران ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ریاست کے تمام اضلاع کو ایک ایک کروڑ روپے کی پیشگی امداد جاری کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ یہ رقم آلات، ساز و سامان اور ضروری اشیاء کی خریداری کے لیے فراہم کی گئی ہے تاکہ نقصانات کو کم سے کم کیا جاسکے۔ احکامات میں تمام ضلع کلکٹروں اور مجسٹریٹس کو فوری اخراجات کرنے اور ضروری ساز و سامان خریدنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ محکمہ جاتی فنڈس کو مرمت اور بارش کے پانی کی نکاسی جیسے اہم امور کے لئے استعمال کیا جائے۔

AWARD

آج نئی دہلی میں 17 ارکان پارلیمنٹ کو ان کی شاندار کارکردگی پر 'سنسد رتنا ایوارڈ 2025' سے نوازا گیا۔ ان ارکان میں بی جے پی سے روی کشن اور دنیش شرما، کانگریس سے ورشا گائیکواڑ، این سی پی، ایس پی سے سپریا سولے اور شیوسینا یو بی ٹی سے اروند ساونت شامل ہیں۔ یہ ایوارڈ ایک غیر سرکاری تنظیم کی جانب سے دیے گئے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر برائے پارلیمانی امور کرن رججو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوارڈ ارکان پارلیمنٹ کی نمایاں کارکردگی کے اعتراف کے طور پر دیا گیا ہے۔

SOUND BYTE KIREN

CHESS WORLD CUP:

FIDE ویمنس ورلڈ کپ 2025 کے فائنل کا آغاز آج جارجیا کے شہر باتومی میں ہوا، جس میں دو ہندوستانی کھلاڑیوں کونرو ہمپی اور دیویا دیشمکھ کے درمیان کانٹے کا مقابلہ جاری ہے۔ یہ آل انڈین فائنل اگلے سال ہونے والے ویمنس کینڈیڈیٹس ٹورنامنٹ میں جگہ کے لئے ہے، جہاں فاتح کو چینی چمپئن جو وین جن کے خلاف ورلڈ چمپئن شپ کے لئے چیلنج کرنے کا موقع ملے گا۔ کونرو ہمپی اور دیویا دیشمکھ دونوں نے سیمی فائنل میں چینی کھلاڑیوں کو شکست دے کر فائنل میں رسائی حاصل کی ہے۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 124 واں اپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔ تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

❍❍